کے۔ الیکٹرک اور VISA میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کیلئے اسٹریٹجک شراکت داری

کراچی، 05 مارچ، 2024: پاکستان کا ڈیجیٹل ادائیگیوں کا ایکو سسٹم آہستہ آہستہ کیش کے کم سے کم استعمال کی جانب بڑھ رہا ہے، جس کی وجہ یوٹیلیٹی سیکٹر میں ڈیجیٹل ادائیگیوں میں اضافے کا رجحان دیکھا جارہا ہے۔

توانائی کے شعبے میں نمایاں حیثیت کے حامل کے۔ الیکٹرک اور ڈیجیٹل ادائیگیوں میں عالمی رہنما VISA نے پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کو فروغ دینے کے لیے مفاہمت کی ایک یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں۔ دستخط کی تقریب طویل مدتی شراکت داری کی نشاندہی کرتی ہے، جس کا مقصد صارفین کو موثر اور بغیر کسی رکاوٹ ڈیجیٹل خدمات فراہم کرنا ہے۔

کیو آر کوڈز کی جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے کے۔ الیکٹرک نے مجموعی طور پر صارفین کی خدمات کو بہتر اور آپریشنز کو ہموار بنایا ہے۔ کے۔ الیکٹرک اور VISA کے درمیان ڈیجیٹل ادائیگیوں کو فروغ دینے والی شراکت داری سے QR کے ذریعے بلوں کی ادائیگیوں میں 4 گنا تک اضافہ دیکھا گیا ہے، جو صارفین کی جانب سے اس اقدام کی قبولیت کی نشانی ہے۔

کے۔ الیکٹرک کے چیف ڈسٹری بیوشن آفیسر فواد علی گیلانی کا اس موقع پر کہنا تھا کہ کے۔ الیکٹرک اور VISA اسٹریٹجک الائنس کررہے ہیں، یہ تعاون بڑے پیمانے پر تبدیلیاں لائے گا، اور صارفین کو سہولت کی فراہمی کے ساتھ ڈیجیٹل جدت طرازی کے میدانوں میں بہترین کارکردگی کا معیار قائم کرے گا۔ اس شراکت داری کا مقصد پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے ارتقاء میں تعاون کرنا اور بلوں کی ادائیگی کے عمل کو آسان بنانے کے لیے دونوں اداروں کی مہارت سے فائدہ اٹھانا ہے۔

ویزا کے کنٹری منیجر برائے پاکستان اور افغانستان عمر خان نے کہا کہ ہم کے۔ الیکٹرک کے ساتھ تعاون کرنے اور پاکستان کے یوٹیلیٹی منظرنامے کو ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے حکمت عملی بنارہے ہیں۔ ہمارا مقصد پاکستانی عوام کو بغیر کسی رکاوٹ، محفوظ اور موثر ڈیجیٹل ادائیگی کا حل فراہم کرنا اور لین دین کے طریقہ کار کو جدید بنانا ہے۔

کے۔ الیکٹرک اور VISA کے نمائندوں نے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم آہنگی کو فروغ دینے، بلوں کی ڈیجیٹل ادائیگیوں کی حوصلہ افزائی کرنے اور صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے جدید مصنوعات متعارف کرانے کے عزم کا اظہار کیا۔

یہ شراکت داری کے۔ الیکٹرک کے ڈیجیٹلائزیشن پروگرام کو بہتر بنائے گی اور پاور یوٹیلیٹی کے بڑھتے ہوئے موجودہ ڈیجیٹل پورٹ فولیو میں اضافہ کرے گی، جس میں کے ای لائیو ایپ اور واٹس ایپ سروسز شامل ہیں، جنہیں مجموعی طور 1.5 ملین صارفین استعمال کرتے ہیں اور اس تعداد میں ہر روز اضافہ ہورہا ہے۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے۔ 1913ء میں بنی کمپنی کی پاکستان میں شمولیت کے ای ایس ای کے نام سے ہوئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص (شیئرز) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں، اور کے ایس ای پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔

ویزا کے بارے میں:

ویزا (این وائی ایس ای: وی) ڈیجیٹل ادائیگیوں میں ایک عالمی رہنما ہے، جو 200 سے زائد ممالک اور خطوں میں صارفین، تاجروں، مالیاتی اور سرکاری اداروں کے درمیان لین دین کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ ہمارا مشن دنیا کو جدید ترین، آسان، قابل بھروسہ اور محفوظ ادائیگیوں کے نیٹ ورک کے ذریعے جوڑنا ہے، جس سے افراد، کاروبار اور معیشتوں کو پھلنے پھولنے کے قابل بنایا جاسکتا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ایسی معیشتیں جن میں ہر جگہ ہر کوئی شامل ہوسکتا ہے، ہر جگہ ہر ایک کو ترقی دیتا ہے اور اسے پیسے کی نقل و حرکت کے مستقبل کا بنیادی اصول سمجھا جاتا ہے۔

ویزا کے بارے میں، visamiddleeast.com/blog اور @Visacemea پر مزید معلومات حاصل کریں